© rasailojaraid.com

# تبصرہ کتب

رمضان یوسف سلفی

## حضرت ابوبکر صدیق اکبر

مصنف: محمد حسین ہیکل

ترجمہ: شیخ محمد احمد پانی پتی

صفحات: 486 قیمت: 250

ناشر: فکشن ہاؤس 18 مزنگ روڈ لاہور

خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیقؓ اسلام کی وہ بلند مرتبت شخصیت تھے کہ جنہوں نے تن، من دھن سے اسلام کی خدمت کی انہیں رسول ہاشمی ﷺ کے رفیق خاص، سفر ہجرت کے ساتھی، یار غار، اور سسر ہونے کی سعادت حاصل ہے وہ پہلے مرد حق آگاہ تھے جنہوں نے نبی مکرمؐ کی دعوت پر لبیک کہا اور مشرف بہ اسلام ہوئے۔ اسلام کی دولت سے بہرہ مند ہونے کے بعد انہوں نے خود کو اللہ اور رسول کے تابع کردیا اور اسلام کی اشاعت کیلئے کمر بستہ ہوگئے۔ اس راہ میں انہیں کٹھن حالات اور مصائب و آلام سے گزرنا پڑا کفار مکہ کی ایذاء رسانیاں ان کے ایمان اور صبر واستقلال کے آگے سرنگوں ہوگئیں اسلام کی سربلندی کیلئے حضرت صدیقؓ کفار کے مقابل سینہ سپر رہے اور اعلائے کلمۃ الحق کی خاطر جو قربانیاں انہوں نے پیش کیں وہ ان کی رفعت شان کی غماز ہیں۔ نبیؐ کی ذات اقدس سے حضرت صدیقؓ کی محبت مثالی تھی وہ سیرت وکردار میں نبیؐ کا نمونہ تھے۔ نرم خو، رقیق القلب، شگفتہ مزاج، فیاض و بردبار اور صاحب بصیرت انسان تھے ان کے انہی اوصاف گوناگوں کے باعث انہیں صحابہ کرامؓ میں بلند مقام حاصل تھا۔

زیرنظر کتاب میں حضرت صدیقؓ کی سیرت وکردار اور کارناموں کو اجاگر کیا گیا ہے داد دینی پڑتی ہے۔ محمد حسین ہیکل کو کہ جنہوں نے محنت شاقہ اور جہد مسلسل سے ایسی عمدہ کتاب تصنیف کی اور حضرت صدیقؓ کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو نمایاں کیا۔ کتاب کے چند دلچسپ اور قابل توجہ عنوانات یہ ہیں۔ ابوبکرؓ رسول اللہ کی زندگی میں، بیعت خلافت، عرب رسول اللہ کی وفات کے وقت، اسامہ کی روانگی، منکرین زکوٰۃ سے جنگ، مرتدین سے جنگ کی تیاریاں، طلیحہ اور جنگ بزاخہ، سجاح اور مالک بن نویرہ، جنگ یمامہ، محاربات ارتداد، اسلامی فتوحات کی ابتداء، فتح عراق، شام پر حملے کے اسباب، فتح شام، مثنیٰ عراق میں جمع قرآن، خلافت ابوبکرؓ، ابوبکر کی وفات۔ یہ کل اٹھارہ ابواب ہیں جن کے تحت ہیکل مرحوم نے داد تحقیق دیتے ہوئے حضرت صدیقؓ کے حالات و واقعات اور ان کی خلافت کے دور کی جھلک دکھائی ہے۔ کتاب کا ترجمہ رواں اور سلیس ہے۔ ادارہ فکشن ہاؤس نے اعلیٰ طباعتی معیار کو ملحوظ رکھتے ہوئے کمپوزنگ، کاغذ، جلد بندی اور طباعت کا خاص خیال رکھا ہے۔ قارئین کے مطالعہ کیلئے یہ بہت پیاری کتاب ہے۔

## کاروانِ حدیث

مصنف: عبدالرشید عراقی

صفحات: 360 قیمت: 144

ناشر: نور اسلام اکیڈمی پوسٹ بکس 5166 ماڈل ٹاؤن لاہور۔ فون: 5884789

محدثین کرام عالم اسلام کے وہ تابندہ ستارے ہیں کہ جنہوں نے حدیث رسول اللہ کی جمع وتدوین کا فریضہ ادا کرکے دین اسلام کی بے پناہ خدمت انجام دی۔ یہ وہ باکمال اور نیک نہاد۔ لوگ تھے جو احادیث جمع کرنے کی خاطر سفری صعوبتوں کی پرواہ کئے بغیر سینکڑوں میل دور کے بلاد وامصار میں پہنچے۔ بسا اوقات ان عالی مرتبت محدثین نے صرف ایک حدیث کی خاطر سینکڑوں میل کا سفر کیا۔ دفاع حدیث کے معاملے میں بھی یہ لوگ سرگرم عمل رہے اور ان کو اس سلسلے میں بڑے کٹھن حالات سے گزرنا پڑا۔ نام نہاد حاکموں نے ان داعیان حق کو نشانہ ستم بنایا ان پر طرح طرح کے مظالم ڈھائے لیکن ان تمام باتوں کے باوجود راہ حق کے یہ مسافر ثابت قدم رہے۔ اور انہوں نے رسول ہاشمی ﷺ کے فرمان کی خاطر حق کا بول بالا کیا۔ یہی وجہ ہے کہ آج ان جلیل القدر اور رفیع المرتبت لوگوں کا نام تاریخ میں سنہری حروف میں لکھا دکھائی دیتا ہے۔

''کاروان حدیث'' انہی لوگوں کے علمی وعملی کارناموں کی دلچسپ داستاں ہے۔ یہ کتاب عبدالرشید عراقی صاحب کے رواں قلم کا وہ خوبصورت شاہکار ہے، کہ جس میں انہوں نے محدثین عظام اور ائمہ اسلام کے حالات وواقعات



© rasailojaraid.com